سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

# عِمامہ باندھنا

4 جون 2026



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کروانا: 5 منٹ (3): جائزہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں 72 نیک اعمال میں سے ایک نیک عمل **عمامہ شریف باندھنے** کے مُتَعَلِّق مفید ترین معلومات دیں جائیں گی اور **آئینہ دیکھتے وقت کی دعا** یاد کروائی جائے گی۔ آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔اِنْ شَآءَ اللهُ الکَرِیْم!

## عِمامہ باندھنا

## درود شریف کی فضیلت

**آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:** نماز کے بعد حمد و ثَناء اور درود شریف پڑھنے والے سے فرمایا: دُعا مانگ قبول کی جائے گی، سوال کر دیا جائے گا۔ [1]

صَلُّوْا عَلَى الْحَبِيب! صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّد

## نیک عمل نمبر 55

**پیارے اسلامی بھائیو!** امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ نے سنّتوں پر عمل کرنے اور گناہوں سے بچنے کے لیے اسلامی بھائیوں، اسلامی بہنوں اور طلبا وغیرہ کے لیے سوالات کی صورت میں نیک اعمال کے مختلف رسائل ترتیب دیئے ہیں۔ آج ہم 72 نیک اعمال کے رسالے سے **نیک عمل نمبر 55:** کے بارے میں سنیں گے۔

**نیک عمل نمبر 55:** کیا آج آپ نے عمامہ شریف باندھا؟

## عِمامہ کسے کہتے ہیں؟

ایسا کپڑا سر پر باندھنا، جس کے کم از کم 3 پیچ لپیٹے جائیں **عِمامہ** کہلاتا ہے۔

1 ...نسائی، کتاب السھو، باب التحمید والصلاۃ...الخ، صفحہ: 220، حدیث: 1281۔

**وضاحت:** بعض حضرات چھوٹا سارُومال جس کے بمشکل ڈیڑھ،2 پیچ ہی آسکتے ہوں، باندھتے ہیں، یہ عمامہ نہیں، نہ اِس سے عمامے کی سُنّت ادا ہوگی۔

## فرمانِ آخری نبی صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

عمامہ باندھنے والے کو قیامت کے دن عمامے کے ہر پیچ کے بدلے ایک نور عطا کیا جائے گا۔[1]

## عِمامہ باندھنے کے متعلق احکام

**(1):** عمامہ باندھنا سنتِ مبارکہ ہے۔[2] **(2):** عمامہ شریف کی لمبائی کم از کم ڈھائی گز، زیادہ سے زیادہ 6 گز ہونا سنّت ہے[3] اور چوڑائی نصف ہاتھ (یعنی ہاتھ کی انگلیوں سے ناپنا شروع کریں تو آدھی کلائی) تک ہونی چاہیے۔ اِس سے تھوڑی بہت کمی زیادتی میں حرج نہیں۔[4] **(3):** اتنا چھوٹا رُومال لپیٹنا جس کے صرف دو ایک پیچ آئیں مکروہ ہے۔[5] **(4):** عمامے شریف کا شملہ چھوڑنا سنت ہے۔[6] شملے کی کم از کم مقدار 4 اُنگل ہے اور زیادہ سے زیادہ آدھی پیٹھ تک یعنی ایک ہاتھ ہو، حد سے زیادہ لمبا شملہ رکھنا اِسرَاف ہے اور بہ نیّت تکبُّر ہو تو حرام۔[7]

## عِمامہ شریف باندھنے کے فوائد

۞ عمامہ مسلمانوں کا تاج ہے ۞ عمامہ پہننے سے حلم (قوتِ برداشت) میں اضافہ ہوتا ہے ۞ عمامہ حُسن و جمال میں اضافہ کرتا ہے ۞ عمامے میں عزت اور وقار ہے ۞ عمامہ پہن کر 2 رکعتیں پڑھنا بغیر عمامے کی 70 رکعتوں سے افضل ہے ۞ جو جمعہ کے دن عمامہ باندھے، اللہ پاک اُس پر رحمت

---

1 ... جامع صغیر، صفحہ:353، حدیث:5725۔
2 ... فتاویٰ رضویہ، جلد:6، صفحہ:208۔
3 ... فتاوی رضویہ، جلد:22، صفحہ:186، ملخصًا۔
4 ... کشف الالتباس فی استحباب اللباس، صفحہ:38، جمیعت اشاعت اہلسنت۔
5 ... فتاوی رضویہ، جلد:7، صفحہ:299۔
6 ... فتاوی رضویہ، جلد:12، صفحہ:314۔
7 ... فتاوی رضویہ، جلد:22، صفحہ:182، بتغیر قلیل۔

فرماتا ہے اور فرشتے اُس کے لیے مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔(1) ❁ عمامہ شریف باندھنے سے بالوں پر سردی گرمی اور دھوپ وغیرہ اثر انداز نہیں ہوتی ہے ❁ طِبّی تحقیق کے مطابق دردِ سر (***Headache***) کے لیے عمامہ شریف پہننا مفید ہے ❁ عمامہ شریف سے دِماغ (***Brain***) کو طاقت ملتی اور حافظہ مَضْبُوط ہوتا ہے ❁ عمامہ شریف باندھنے سے دائمی نزلہ نہیں ہوتا یا ہوتا بھی ہے تو اس کے اثرات کم ہوتے ہیں ❁ عمامہ شریف کا شملہ نچلے دھڑ کے فالج سے بچاتا ہے کیوں کہ شملہ حرام مغز کو موسمی اثرات مثلاً: سردی گرمی وغیرہ سے تحفُّظ فراہم کرتا ہے ❁ شملہ سرسام کے مرض کے خطرات میں کمی لاتا ہے۔ دِماغ (***Brain***) کے وَرَم (یعنی سوجن) کے مرض کو سرسام کہتے ہیں۔(2)

## عمامہ شریف نہ باندھنے کے نقصان

❁ عمامہ شریف نہ باندھنا بہت سے فضائل سے محرومی کا سبب ہے ❁ ننگے سر رہنے سے سردی، گرمی اور دھوپ بالوں اور دِماغ پر اثر انداز ہوتی ہے، جس سے صحت کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔(3)

## عِمامہ شریف باندھنے کی عادت بنانے کے طریقے

❁ عمامہ باندھنے کے فضائل کو ذہن میں رکھیے ❁ نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی محبّت بڑھایئے ❁ فیشن پرستی چھوڑیئے اور پیارے آقا، مدینے والے مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کی سُنّتیں اپنانے کا ذہن بنایئے ❁ دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول سے وابستہ ہو جایئے! اِس سے اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! سنّتیں سیکھنے اور ان پر عمل کرنے کا خوب جذبہ نصیب ہو گا ❁ آخرت کے ثواب پر نظر رکھیے! بعض اوقات **جھجک** اور **لوگ کیا کہیں گے** جیسی سوچ عمامہ باندھنے سے روک دیتی ہے، مگر جب ثواب کی طرف نظر رکھیں گے تو اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! عمامہ شریف باندھنے کی عادت بن جائے گی۔

---

(1)... عمامہ کے فضائل، صفحہ: 75تا101، ملتقطاً۔
(2)... 550 سنّتیں اور آداب: 56۔
(3)... 550 سنّتیں اور آداب: 56۔

**پیارے اسلامی بھائیو!** آج ہم نے نیک عمل نمبر:55 کے مُطابِق **عمامہ شریف باندھنے** کے عنوان پر مفید ترین معلومات حاصل کیں، نیت کیجیے کہ عمامہ شریف باندھنے کی سنت کو اپنائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللهُ الْکَرِیْم! اللہ پاک عمل کی توفیق نصیب فرمائے۔ آمین بجاہِ خاتمِ النبیین صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم۔

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللهُ عَلٰی مُحَمَّد

## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### آئینہ دیکھتے وقت کی دُعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَسَّنْتَ خَلْقِیْ فَحَسِّنْ خُلُقِیْ

**ترجمہ:** اے اللہ! تو نے میری صورت تو اچھی بنائی ہے، میرے اخلاق بھی اچھے کر دے۔[1]

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃُ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی

---

1 ...الحصن والحصین، صفحہ: 102۔

کاموں پر صَرف کئے؟(21):فجر کے لئے جگایا؟(22):دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟(23):گھر درس ہوا؟ (24):مسجد درس دیا یا سُنا؟(25):سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟(26):زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟(27):ایک مشت داڑھی ہے؟(28):گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟(29):سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟(30):مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31):کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟(32):ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟(33):تَہَجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34):اَوَّابِین یا اِشْراق وچاشت پڑھیں؟(35):عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟(36):12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟(37):دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟(38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟(39):کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟(40):ذاتی دوستی تو نہیں کی؟(41):وقت پر قرض ادا کر دیا؟(42):عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟(43):صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟(44):مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟(45):بعدِ فجر تفسیر سننے /سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟(46):کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49):اِسْراف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟(51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

۞ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ۞ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ۞ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟